# شیڈیول 3

## زیرتحت کمپنیز (فردرایشو آف شیئرز) ریگولیشنز، 2020

fauji foods

# فوجی فوڈز لیمیٹڈ

نئے حصص کی پیشکش کے ساتھ اراکین کو بھیجنے کے لیے

# فوجی فوڈز لیمیٹڈ

ہیڈ/رجسٹرڈ آفس: 42 CCA, Ex Park View, DHA, Phase-VIII، لاہور
ٹیلی فون: نمبر 37136310-7-37136315-42-92+
ای میل : secretary@faujifoods.com

A) رائٹ ایشو کی پیشکش کرنے والی کمپنی سے متعلقہ معلومات

a) کمپنی کا پروفائل اور تاریخ

| | | |
|---|---|---|
| i | کمپنی کا نام | فوجی فوڈز لیمیٹڈ |
| ii | قیام کی تاریخ | 26 ستمبر 1966 |
| iii | کاروبار کے آغاز کی تاریخ | 11 جولائی 1968 |
| iv | کارپوریٹ یونیورسل آئیڈینٹی فکیشن نمبر (CUIN) | 0002355 |
| v | ویب سائیٹ ایڈریس | www.faujifoods.com |
| vi | رابطہ کی تفصیلات | مذکورہ بالا |

b) انتظامیہ اور اسپانسر کا پروفائل:

| | | |
|---|---|---|
| i | ڈائریکٹران کے پروفائل کا مختصر بیان | منسلکہ-A |
| ii | دیگر ڈائریکٹر شپ | منسلکہ-A |

c) کمپنی کے آڈیٹران: EY Ford Rhodes، ایگل پلازہ، 75 ویسٹ، فضلِ حق روڈ، بلیو ایریا، اسلام آباد۔

d) موجودہ سرمایہ، حصص کی درجہ بندیوں کی نشاندہی کے ساتھ، اگر کوئی ہو: عمومی حصص

| | | |
|---|---|---|
| i | مجاز سرمایہ (رقم، حصص کی تعداد اور فی حصہ مالیت) | -/18,000,000,000 روپے کو -/10 روپے فی حصہ مالیت کے 1,800,000,000 حصص میں تقسیم کیا گیا ہے۔ |
| ii | اداشدہ سرمایہ (رقم، حصص کی تعداد اور فی حصہ مالیت) | -/8,032,935,630 روپے کو -/10 روپے مالیت فی حصہ کے 803,293,563 حصص میں تقسیم کیا گیا ہے۔ |

e) ہولڈنگ کمپنی سے متعلق کوائف، اگر کوئی ہوں: فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لیمیٹڈ

f) گزشتہ تین سال کے لئے کمپنی کی مالی جھلکیاں:

| پاکستانی روپے '000' جب تک کہ کسی اور انداز میں نہ بیان کیے جائیں | دسمبر2018 | دسمبر2019 | دسمبر2020 |
|---|---|---|---|
| ریونیو/فروخت | 7,649,287 | 5,744,872 | 7,373,162 |
| خام منافع / (نقصان) | (293,641) | (678,827) | 62,262 |
| منافع / (نقصان) قبل از سود اور ٹیکس | (2,637,592) | (2,554,862) | (1,291,528) |
| منافع / (نقصان) بعد از ٹیکس | (2,849,239) | (5,788,937) | (3,058,112) |
| مجموعی منافع / (نقصان) | (6,491,315) | (12,196,613) | (15,187,986) |
| کل اثاثہ جات | 13,556,178 | 12,152,806 | 11,733,186 |
| کل ذمہ داریاں | 11,413,702 | 15,830,592 | 15,722,194 |
| حصہ داری کی خالص مالیت | 2,142,476 | (3,677,786) | (3,989,009) |
| فی حصہ بریک اپ مالیت | 4.05 | (6.96) | (4.97) |
| فی حصہ کمائی / (نقصان) | (5.39) | (10.74) | (4.62) |
| فی حصہ کیش ڈیویڈنڈ (٪) | — | — | — |
| بونس ایشو | — | — | — |

g) مالیاتی نکات کا اجتماعی گوشوارہ برائے سابقہ ایک سال: قابلِ اطلاق نہیں

h) گذشتہ پانچ سالوں میں سرمائے کے اجراء کی تفصیلات:

| سال | (i) سرمائے کے اجراء کی تفصیل | (ii) فنڈ کے استعمال کی تفصیلات |
|---|---|---|
| 2020 | FFBL کو 274,886,371 حصص قرض کے تبادلے میں جاری کیے گئے | کمپنی ایکویٹی کو مضبوط بنانے کے لیے۔ |
| 2019 | _ | _ |
| 2018 | _ | _ |
| 2017 | 300% رائٹ ایشو | فنڈز بنیادی طور پر کمپنی کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لیے نیا پلانٹ شروع کرنے کے لیے استعمال کیے گئے۔ |
| 2016 | _ | _ |

B) موجودہ اجراء کی تفصیلات: -/10 پاکستانی روپے فی حصہ کی نقد قیمت پر عمومی حصص کو بطور رائٹ شیئرز جاری کرنا

| | | |
|---|---|---|
| (a | اجراء کی تفصیل:<br><br>مجوزہ اجراء کی رقم: | 1۔ 10 روپے فی حصہ مالیت کے 780,794,596 عمومی حصص<br>=/-7,807,945,960 پاکستانی روپے |
| (b | شیئرز کی فیس ویلیو | -/10 روپے |

| | | |
|---|---|---|
| (c | رائٹ ایشو کی قیمت کے تعین کی بنیاد | کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹران نے رائٹ ایشو کی قیمت کا تعین مالیاتی تخمینوں اور کمپنی کی موجودہ مالیت سمیت متعدد عوامل کے پیشِ نظر کیا ہے۔ دس روپے فی حصہ قیمت کا تعین موجودہ بازاری قیمت کے مقابلے میں اہم رعایت پہنچانے کی غرض سے کیا گیا۔ |
| (d | موجودہ حصص سے اس کی کسی قابل اطلاق شرط کے ساتھ نئے اجراء کا تناسب۔ | 97.19916 رائٹ حصص برائے 100 حصص کے تناسب سے، یعنی 97.19916 فیصد |
| (e | رائٹ ایشو کے اعلان کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹران کے اجلاس کی تاریخ | ستمبر 04، 2021 |
| (f | بورڈ کے اجلاس میں شرکت کرنے والے ڈائریکٹران کے نام | جناب سرفراز احمد رحمان<br>جناب محمد حسیب اسلم<br>ڈاکٹر ندیم عنایت<br>سید بختیار کاظمی<br>لیفٹیننٹ کرنل عبدالخالق خان (ریٹائرڈ)<br>جناب محمد منیر ملک<br>محترمہ آمنہ زاہد ظہیر<br>جناب بشارت احمد بھٹی<br>جناب علی اسرار حسین آغا<br>جناب جاوید قریشی<br>جناب عمران حسین |
| (g | اجراء کا جواز<br>1 - موجودہ رائٹ ایشو کے ذریعے فنڈ اکٹھا کرنے کے لیے اہم مقاصد کی تفصیلات:<br>a) منصوبے کی تفصیل<br>b) منصوبے کے لیے درکار کل فنڈز<br>c) رائٹ ایشو کے ذریعے درکار فنڈز کا فیصدی حصہ<br>d) درکار فنڈز کا فیصدی حصہ جو کسی دیگر ذرائع سے مالی اعانت فراہم کرتا ہو، اگر کوئی ہے<br>e) منصوبے کی تکمیل کا عرصہ<br><br>2 - کمپنی اور اس کے اراکین کو اس اجراء کے متوقع فوائد (تفصیل اور رقم) | موجودہ رائٹ ایشو کے ذریعے فنڈ اکٹھا کرنے کے لیے اہم مقاصد کی تفصیلات:<br>a) منصوبے کی تفصیل: رائٹ ایشو کے ذریعے حاصل کردہ رقم کو موجودہ قرضوں کی سطح کو کم کرنے، ورکنگ کیپیٹل کو سنبھالنے اور بہتر بنانے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔<br>b) منصوبے کے لیے درکار کل فنڈز:<br>=/-7,807,945,960 پاکستانی روپے<br>c) رائٹ ایشو کے ذریعے درکار فنڈز کا فیصدی حصہ: 100%<br>d) درکار فنڈز کا فیصدی حصہ جو کسی دیگر ذرائع سے مالی اعانت فراہم کرتا ہو، اگر کوئی ہے: 0%<br>e) منصوبے کی تکمیل کا عرصہ: قابل اطلاق نہیں<br>2 - کمپنی اور اس کے اراکین کو اس اجراء کے متوقع فوائد:<br>i) قرض کی سطح میں کمی مالی مصارف کی وجہ سے منافع پر ہونے والے منفی اثرات کو کم کرے گی۔<br>ii) ورکنگ کیپیٹل کو بہتر کرنا کمپنی کی کاروباری ہموار کارکردگی کو یقینی بنائے گا۔<br>iii) قرضے اور ایکویٹی کے صحت مند تناسب کو برقرار رکھے گا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| (h | گزشتہ چھ ماہ کے دوران کمپنی کے حصص کی اوسط بازاری قیمتیں | 17.46 |

i) رائٹ حصص کے اجراء سے پیدا ہونے والے مالیاتی اثرات:

(i) حصص کے سرمایہ میں تبدیلیاں

| | رائٹ حصص کے اجراء سے پہلے | | رائٹ حصص کے اجراء کے بعد | |
|---|---|---|---|---|
| | حصص کی تعداد | اسی سطح کی رقم (پاکستانی روپے) | حصص کی تعداد | اسی سطح کی رقم (پاکستانی روپے) |
| حصص | 803,293,563 | 8,032,935,630 | 1,584,088,159 | 15,840,881,590 |

فی حصہ خالص اثاثہ / بریک اپ ویلیو اور گیئرنگ تناسب

| 30/06/2021 کے مالیاتی نتائج کے مطابق : | رائٹ اجراء سے پہلے | رائٹ اجراء کے بعد |
|---|---|---|
| فی حصہ خالص اثاثہ / بریک اپ ویلیو (پاکستانی روپے میں) | -5.91 | 1.92 |
| Gearing تناسب (گنا) | -2.92 | 2.61 |

j) اجراء کے مجموعی اخراجات:

| | | |
|---|---|---|
| i | بینکرز کا کمیشن / لاگت | 450,000 روپے علاوہ ٹیکسز |
| ii | انڈر رائٹرز کا کمیشن | 0.85% |
| iii | ٹیک اپ کمیشن | 0.5% |

(C خطرہ اور خطرے کو کم کرنے کے عوامل سے متعلق معلومات

(a اہم خطرات کی تفصیل اور انہیں کم کرنے کے لئے کمپنی کی کوششیں

| | | |
|---|---|---|
| i | اس منصوبے سے متعلق خطرات جس کے لئے رائٹ حصص کی آمدنی استعمال کی جائے گی | قابل اطلاق نہیں۔ |
| ii | رائٹ ایشو کے سبسکرپشن/انڈر سبسکرپشن سے متعلق خطرہ | کمپنی کا رائٹ ایشو -/10 روپے کی مساوی قیمت پر کیا جا رہا ہے اور اس وجہ سے رائٹ ایشو سے وابستہ سرمایہ کاری کا کوئی بڑا خطرہ نہیں ہے۔ کاروبار سے وابستہ عمومی خطرات باقی رہیں گے۔ تاہم، H1 2021 کی کارکردگی کی بنیاد پر کمپنی بازار میں مستحکم ہے جو اس طرح کے خطرات کے عوامل کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ |
| iii | اہم ہنگامی اتفاقات (31/12/2020 کے اختتامی عرصہ کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کے مطابق) | ہنگامی اتفاقات:<br>پاکستانی روپے (ملین) — 2020 — 2019<br>بینک گارنٹیاں — 14.78 — 15.01 |
| iv | اہم عہدنامے (31/12/2020 کے اختتامی عرصہ کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کے مطابق) | پاکستانی روپے (ملین) — 2020 — 2019<br>ازروئے معاہدہ مستقل اخراجات — _ — 18.82<br>خام مال کی خریداری کے لیے لیٹر آف کریڈٹ — _ — 3.82 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| v | گذشتہ پانچ سالوں میں آڈیٹرز کی جانب سے ان کی آڈٹ رپورٹوں میں کسی مسئلے میں کوئی منفی رپورٹ جاری کی گئی | کوئی نہیں۔ | |

(b انڈررائٹرز کے نام:

1) عارف حبیب لیمیٹڈ
2) گروتھ سیکیورٹیز (پرائیوٹ لیمیٹڈ)
3) انٹر مارکیٹ سیکیورٹیز لیمیٹڈ
4) اسماعیل اقبال سیکیورٹیز (پرائیوٹ) لیمیٹڈ
5) MRA سیکیورٹیز لیمیٹڈ
6) آدم سیکیورٹیز (پرائیوٹ) لیمیٹڈ
7) فواد یوسف سیکیورٹیز (پرائیوٹ) لیمیٹڈ
8) محمد احمد محمد منیر خانانی سیکیورٹیز (پرائیوٹ) لیمیٹڈ

(D اہلیت کا دائرہ کار اور اس سے وابستہ معاملات

| | | |
|---|---|---|
| (a | اہل حصص یافتگان/سرمایہ کار: | وہ تمام حصص یافتگان جن کے نام 27 اکتوبر 2021 کو دفتری اوقات کے اختتام پر حصص یافتگان کے رجسٹر پر ظاہر ہوں گے۔ |
| | ایشو کے لئے بینکرز | 1. عسکری بینک لیمیٹڈ<br>2. حبیب بینک لیمیٹڈ<br>3.MCB بینک لیمیٹڈ<br>4. سونیری بینک لیمیٹڈ<br>5. البرکا بینک (پاکستان) لیمیٹڈ |
| | تاریخ جس تک پیش کش قبول کی جائے گی | دسمبر 8، 2021 |
| | قبولیت کا طریقہ کار | کیش / چیک / پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ |
| (i) | بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات | تفصیلات منسلکہ D کی صورت میں اس شیڈول کے ساتھ لف ہیں |
| (ii) | حتمی تاریخ جس تک بینک اکاؤنٹس میں رقم جمع کرائی جائے تاکہ موثر قبولیت مرتب پائے | دسمبر 8، 2021 |

(E سرمایہ کاری کے فیصلے پر براہ راست یا بلا واسطہ کوئی دیگر معلومات: کوئی نہیں

# منسلکات

منسلکہ A ۔ چیف ایگزیکٹو/ ڈائریکٹران کے کوائف اور دیگر کمپنیوں میں ان کے عہدے

منسلکہ B ۔ رائٹ حصص کے اجراء پر منظور شدہ قرارداد کا اقتباس

منسلکہ C ۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیف فنانشل آفیسر کی تصدیق کہ سرکلر میں رائٹ حصص کے اجراء سے متعلق تمام اہم حقائق کا مکمل اور درست اظہار ہے اور کمپنی مطالبے پر مالیاتی گوشوارے فراہم کرے گی۔

منسلکہ D ۔ ایشو کے لیے بینکرز کی تفصیلات

بورڈ کی جانب سے مجاز ڈائریکٹر یا آفیسر

نام : محمد حبیب اسلم

مورخہ: ستمبر 04، 2021

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹران کا پروفائل

مسلکہ "A"

## جناب سرفراز احمد رحمان

چیئرمین/ڈائریکٹر

قابلیت کے لحاظ سے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ سرفراز نے اپنے کیریر کے دوران متعدد ملٹی نیشنل کمپنیوں جیسے یونی لیور، SB (GSK)، Jardine Matheson / Olayan JV اور PepsiCo میں اپنی انتظامی مہارت کا استعمال کیا ہے۔

2005 میں سرفراز نے اینگرو فوڈز کو CEO کی حیثیت سے قائم کیا۔ یہ کمپنی گرین فیلڈ سے بڑھ کر پاکستان کی معروف مائع ڈیری کمپنی بن گئی۔ اینگرو فوڈز 2012 میں 'G20 Top 15 Company' ایوارڈ لینے والی واحد پاکستانی کمپنی بن گئی۔ 2012 میں انہوں نے کراچی سکول فار بزنس اینڈ لیڈرشپ کے قیام کے لیے اینگرو فوڈز سے کچھ وقت نکالا۔ 2013 میں سرفراز اینگرو فوڈز کے ساتھ دوبارہ CEO کی حیثیت سے شامل ہوئے جہاں وہ 2015 تک رہے۔

اکتوبر 2015 سے آپ ICI, IBL, JSPE, Shan Foods, Al-Shaheer (Meat One), Soya Supreme, Burque Corp, CCL اور ITL کے ساتھ مشاورتی منصوبوں سے وابستہ رہے۔

2016-17 میں سرفراز نے Grant Thornton سے UBL میں ایک ثقافتی تبدیلی کے دوران ایگزیکٹو کوچ کی حیثیت سے معاہدہ کیا۔ آپ بزنس ایگزیکٹوز اور یونیورسٹی گریجویٹس کے ساتھ ایک اچھی طرح سے قائم کوچنگ / رہنما کا کردار ادا کرتے ہیں۔ سرفراز Careem, Gatron-Novatex, Engro, ICI, Descon, PPL, UBL اور City School کی کوچنگ کر چکے ہیں۔

سرفراز 2015-18 تک Broadcasters / Advertisers Council (پاکستان میں اشتہاری امور کو کنٹرول کرنے والی مشترکہ باڈی) کے چیئرمین رہے۔ اس کے علاوہ آپ 2019 میں پاکستان میں پہلے Effie Awards کے چیئرمین تھے۔ آپ MAP and Patient Aid Foundation کے بورڈ پر بھی ہیں۔

سرفراز نے جون 2020 تا اکتوبر 2021 فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لیمیٹڈ (ایف ایف بی ایل) میں بحیثیت ایم ڈی/سی ای او شمولیت اختیار کی۔

مزید براں، سرفراز مختلف فورموں پر خطاب کرتے ہیں۔ آپ Lay'ss, Mondelez, Nutrico, RB, Engro, Octara, ICI, Shell اور MAP میں تحریک افزا خطاب کر چکے ہیں۔ یونیورسٹیوں، کالجوں، اسکولوں اور میڈیا پر آگاہی کے لیے وہ موسمی تبدیلیوں پر گفتگو/اجلاس کرتے ہیں۔

سرفراز معاشرے کو واپس لوٹانے میں اپنا کردار ادا کرنے میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں اور اگلی دہائی میں پاکستان میں اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے عوامی تعلیم کے لیے ایک آن لائن انٹرایکٹو تعلیمی نمونے پر کام کر چکے ہیں۔ ماضی میں آپ شوکت خانم ہسپتال کے بورڈ آف گورنرز اور WWF سے بطور ڈائریکٹر وابستہ رہ چکے ہیں۔ آپ حصار فاؤنڈیشن اور پاکستان میں اس کے پانی اور ماحولیاتی کام سے بھی وابستہ ہیں۔

جناب سرفراز احمد رحمان کو 16 اکتوبر 2021 سے ایف ایف سی، ایف ایف سی ای ایل اور ایف ایف بی ایل کا منیجنگ ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کیا گیا ہے۔

## جناب محمد حسیب اسلم

سی ای او / ڈائریکٹر

جناب حسیب اسلم متعدد بین الاقوامی منڈیوں میں 25 سالہ تجربہ کے حامل بین الاقوامی سطح کے کامیاب کاروباری راہنما ہیں۔ آپ پاکستان، سوئٹزرلینڈ، مشرق وسطیٰ/ ایشیا، یوکرائن اور مصر سمیت مختلف مقامات پر کاروباری راہنمائی اور عالمی، علاقائی اور ملکی سطح پر ہراول کردار ادا کر چکے ہیں۔

پیچیدہ آپریشنل اور اسٹریٹجک راہنما کرداروں میں حسیب کا شاندار ٹریک ریکارڈ ہے، اور انہیں ملٹی نیشنل کے ملکیتی آپریشنز سے لے کر علاقائی اور مقامی مشترکہ منصوبوں کے حصول اور انضمام تک متنوع سٹرکچرز، ماڈلز اور کاروباری حالات کا وسیع تجربہ ہے۔

کنزیومر گڈز/ FMCG کے ایک ماہر کے طور پر؛ ان کی مہارت میں خوراک اور مشروبات کی متعدد اقسام شامل ہیں جن میں صحت وتندرستی، ڈیری، غذائیت، مشروبات، پانی، خوراک اور کھانا شامل ہیں۔

آپ کے پاس کلیدی کاروباری چینلز جیسا کہ خوردہ (کی اکاؤنٹس، ماڈل ٹریڈ اور روائتی ٹریڈ)، گھر سے باہر/ HORECA اور B2B چینلز، ای کامرس اور گھریلو/ دفتری ترسیلی چینلز معہ متعلقہ فروخت/ ترسیل/ ٹرانسپورٹ/ اور ذخیرہ گاہوں کی مہارتوں کا وسیع تجربہ ہے۔

حسیب مضبوط راہنما/ انتظامی صلاحیتوں، جیسا کہ عمومی انتظام، نفع ونقصان کا نظم، مارکیٹنگ، کمرشل/ سیلز کا انتظام، جدت طرازی/ تزئین وآرائش، سپلائی چین، آرگنائزیشن ڈویلپمنٹ، ٹیکنالوجی ڈویلپمنٹ، استحکام وابستگان اور ریگولیٹری/ پبلک معاملات کی نظامت، بحرانی انتظام، کے حامل ہیں۔

آپ کھیلوں کے راہنما اور تربیت کار رہے ہیں؛ 88-1984 کے عرصہ میں پاکستان کے نمبر 1 ٹینس پلیئر رہے۔ بعدازاں آپ نے ڈیوس کپ ٹیم اور ڈیوس کپ کے متعدد کھلاڑیوں (مثلاً اعصام الحق) کی کوچنگ کی اور بہت سے کامیاب رول ماڈلز تیار کیے۔

آپ Lahore University of Management Sciences (LUMS) بزنس سکول کے سابقہ طلباء کی ایسوسی ایشن کے بورڈ ممبر ہیں۔

## جناب عارف الرحمان

ڈائریکٹر

جناب عارف الرحمان نے اپنے پیشہ ورانہ کیریئر کا آغاز فوجی فرٹیلائزر کمپنی (ایف ایف سی) سے کیا جہاں انہوں نے ابتدائی طور پر ایمونیا، یوریا اور یوٹیلیٹیز پلانٹس پر بطور پروسس انجینئر کام کیا۔ بعد میں انہوں نے پراسس انجینئرنگ انچارج، آپریشنز انجینئر ایمونیا اور ایمونیا ڈی بی این کمیشننگ انجینئر کے طور پر کام کیا۔ 1994 کے وسط میں ان کی خدمات کو ایف جے ایف سی موجودہ (ایف ایف بی ایل) کی پراجیکٹ ٹیم میں منتقل کر دیا گیا۔ آپ نے ایف جے ایف سی میں تقریباً تین سال تک کام کیا اور ایک ایسی کثیر الشعبہ ٹیم کا حصہ رہے جس نے ایف جے ایف سی منصوبہ آغاز سے لے کر فرم آرڈر پلیسمنٹ تک تیار کیا۔ آپ نے ایمونیا پلانٹ کی انجینئرنگ اور بہتری کی قیادت کی۔ اس منصوبے کے لیے آپ ایمونیا پلانٹ لیڈر کے طور پر تقریباً ایک سال تک امریکہ میں رہے۔

1996 میں آپ نے آئی سی آئی پاکستان کے پی ٹی اے بزنس میں شمولیت اختیار کی جو کہ نئی ٹیکنالوجی کے ساتھ پاکستان کا پہلا اور ابھی تک واحد پی ٹی اے پلانٹ ہے۔ آپ نے سب سے پیچیدہ آکسیڈیشن پلانٹ پر کمیشنگ لیڈر کے طور پر کام کیا۔ بعد میں انہوں نے پی ٹی اے پلانٹ (پیوریفکیشن اینڈ یوٹیلیٹیز) کے بقیہ تمام شعبوں کی قیادت کی اور 2001 میں پی ٹی اے بزنس کے پہلے مقامی پروڈکشن منیجر کی ذمہ داری سنبھالی۔ بعد میں انہوں نے ٹیکنیکل سروسز اور ڈی بی این منیجر کی حیثیت سے کام کیا اور 2005 میں سائٹ آپریشن منیجر مقرر کیے گئے جہاں وہ آپریشنز، دیکھ بھال، نگرانی اور میٹیریلز کے انتظامات کے ذمہ دار تھے۔

2007 میں آپ نے بطور پراجیکٹ ڈائریکٹر فاطمہ گروپ میں شمولیت اختیار کی اور 750 ملین امریکی ڈالر کے منصوبے کی بنیاد رکھنے سے لے کر اس کی تنصیب ہونے تک قیادت کی۔ یہ ایمونیا، یوریا، این پی، سی اے این، نائٹرک ایسڈ، یوٹیلیٹیز اور متعلقہ سہولیات پر مشتمل ایک گرین فیلڈ پراجیکٹ تھا۔ اس کام کی نمایاں خصوصیات میں سے ایک خصوصیت یہ تھی کہ یہ ایک خود انتظام شدہ EPC پراجیکٹ تھا۔ جناب عارف الرحمان درجنوں بین الاقوامی ٹھیکیداروں کے ساتھ براہ راست منسلک تھے اور اس منصوبے کو 2011 میں کامیابی کے ساتھ مکمل کیا۔ منصوبے کے شروع ہونے کے بعد آپ کو اس کا ڈائریکٹر آپریشنز مقرر کیا گیا۔ اس کردار میں وہ سائٹ کو اس کی بھرپور صلاحیتوں کے ساتھ اصلاحات کی ایک نئی سیریز کے ساتھ لائے جس میں پودے اور تنظیمی نظام میں بہتری شامل تھے۔ اس کے نتیجے میں پیداوار میں 0.8 سے 1,475 ملین ٹن سالانہ کا اضافہ ہوا اور منافع کی مقدار 2 بلین سے 10 بلین سے زائد تک پہنچ گئی۔

جولائی 2016 میں انہیں ہیڈ آفس لاہور میں فاطمہ گروپ کے تینوں حصوں، فاطمہ فرٹیلائزرز، صادق آباد، پاک عرب فرٹیلائزر کمپنی، ملتان اور فاطمہ فرٹیلائزرز، لاہور (سابقہ داؤد ہرکولیس) کے لیے مینوفیکچرنگ کے تمام پہلوؤں کی ذمہ داری کے ساتھ چیف مینوفیکچرنگ آفیسر مقرر کیا گیا۔ ان کے پاس کھاد سے متعلقہ تمام آپریشنز، اخراجات، بجٹ اور افرادی پہلوؤں کی ذمہ داریاں تھیں۔ اس کے علاوہ وہ پورے گروپ کے لیے سپلائی چین فنکشن کے بھی ذمہ دار تھے جہاں پر وہ ایف جی کے کھاد کے کاروبار میں تقریباً 200 ملین امریکی ڈالر کا سالانہ بجٹ، نمو، پائیداری اور حکمت عملی کو کنٹرول کرتے تھے۔

**ڈاکٹر ندیم عنایت**

ڈائریکٹر

ڈاکٹر ندیم عنایت پیشہ ورانہ طور پر شاندار صلاحیتوں کے مالک ہیں۔ آپ مینیجنگ، آپریٹنگ اور سینئر سطح پر سب سے اونچے درجے کے بنکوں اور ملک کے دوسرے اداروں کو سرمایہ کاری پورٹ فولیو میں مشورہ دینے میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ اس وقت آپ فوجی فاؤنڈیشن میں کارپوریٹ ایڈوائزر اور انویسٹمنٹ ڈویژن کے سربراہ کے عہدے پر فائز ہیں۔ آپ جولائی 2006 سے فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لیمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں شامل ہیں۔ آپ فوجی فاؤنڈیشن اور پاکستان مراکو فاسفورس ایس اے کی تمام ذیلی اور منسلک کمپنیوں کے بورڈز کے ممبر بھی ہیں۔

## سید بختیار کاظمی

ڈائریکٹر

جناب کاظمی ایک فیلو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں جو قومی اور علاقائی معیشتوں کے اندر مختلف شعبوں اور فعال طبقات میں 35 سال سے زیادہ کا تجربہ رکھتے ہیں۔ ان کے تخصص کے اہم شعبے مالیاتی پالیسی اور میکرو اکنامک ریسرچ، گرین فیلڈ اور براؤن فیلڈ منصوبے، اسٹریٹجک تعاون، انضمام اور حصول، اکاؤنٹنگ اور فائنانس میں یکتا، اسٹریٹجک لیول آڈٹ اور ایشورنس اور ٹیکس اصلاحات اور اسٹریٹجک لیول ایڈوائزری ہیں۔

جناب کاظمی نے 35 سال KPMG میں کام کیا۔ گزشتہ 25 سال بطور حصہ دار کی حیثیت سے آپ نے تقریباً ہر صنعت میں قیادت کے ساتھ بات چیت کی۔ ان کے وژن، ان کی بصیرت اور سب سے اہم بات ان کی کاروباری حکمت عملیوں کو سمجھا۔ مختلف شعبوں اور منصوبوں میں ان کے مستحکم اظہار نے انہیں عوامی اور نجی شعبے کی تنظیموں سے متعلقہ اپنے موکلان کے لیے اسٹریٹجک ویلیو ایڈیشن کا تصور سمجھنے اور تکمیل کرنے کے قابل بنایا۔ انہوں نے ایک جامع خدمات کی فراہمی کے ڈھانچے کو کامیابی سے نافذ کیا جو KPMG کے موکلان کے لیے معیاری خدمات کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے، اور ایک متنوع تجربات کے حامل فعال گروپ کے طور پر موکلان کو ایڈوائزری اور ٹیکس کی خدمات کی فراہمی کے لیے ایک مستحکم اور جامع خدمات کا پیکج فراہم کیا۔ بطور آڈیٹر اور مشیر، جناب کاظمی نے بہترین معیار اور اجتماعیت پر مبنی خدمات فراہم کرنے کا اپنا وعدہ کامیابی سے نبھایا۔ اپنے کیریئر کی ترقی کے ساتھ آپ نے پاکستان کی مالیاتی اور ریگولیٹری پالیسیوں میں حصہ ڈالنے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے میکرو اکنامک ریسرچ میں حصہ لیا۔ آپ نے تقریباً دو دہائیاں قبل تنہا ہی اسلام آباد میں KPMG کا مشاورتی خدمات کا شعبہ قائم کیا جو آج بھی اسلام آباد میں ایک دلیل کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔
اس اقدام میں مالیاتی تخمینے، امکانات، معلوماتی یادداشتیں، داخلی آڈٹ کی تشخیص، انسانی وسائل کی تشخیص، عمل اور کنٹرول کرنے کے لیے قواعد، تخمینے اور ترقیاتی مشورے شامل تھے جس میں پنجاب اور سندھ حکومتوں کا جائزہ شامل تھا۔

جناب بختیار کاظمی نے نجی شعبے، عوامی شعبے اور سول سوسائٹی آرگنائزیشن کے متعدد متنوع فورموں پر اور بورڈز میں خدمات انجام دی ہیں۔ ایک مفکر کی حیثیت سے قومی معیشت، کاروباری اور ٹیکس کے معاملات اور مسائل پر وہ عملی طور پر اپنے خیالات اور نظریات کی اشاعت موقر روزناموں میں اپنے مضامین کے ذریعے کرتے ہیں۔ جناب کاظمی ایک شوقین گولفر ہیں اور اس وقت اسلام آباد گولف کلب کے کپتان کے عہدے پر فائز ہیں۔

## لیفٹیننٹ کرنل عبدالخالق خان (ریٹائرڈ)

ڈائریکٹر

لیفٹیننٹ کرنل عبدالخالق خان (ریٹائرڈ) نے 2009 میں کمپنی میں شمولیت اختیار کی اور بطور ایگزیکٹو ڈائریکٹر کام کرتے رہے۔ آپ 30 مئی 2011 کو بورڈ کے ممبر بنے۔ اس کے علاوہ آپ نے پائنیر سیمنٹ لیمیٹڈ میں بطور جی ایم ایڈمنسٹریشن نو سال تک کام کیا۔

آپ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول کے گریجویٹ ہیں اور بین الاقوامی تعلقات میں ماسٹرز ڈگری بھی حاصل کر رکھی ہے۔ آپ نے 1975 میں پاک فوج میں کمیشن حاصل کیا اور مختلف کمانڈ اور سٹاف اپائنٹمنٹس میں اپنی 25 سالہ خدمات کی انجام دہی کے بعد 2000 میں ریٹائر ہو گئے۔ پاکستان آرمی میں خدمات کے دوران آپ نے آپریشنل، ایڈمنسٹریشن، ہیومن ریسورس مینجمنٹ اور ایسسمنٹ اینڈ ایویلیوایشن سسٹم میں وسیع و متنوع تجربات حاصل کیے۔

آپ نے متعدد کورسوں، سیمیناروں، تربیتی پروگراموں اور مختلف موضوعات کی ورکشاپوں میں بھی شرکت کی ہے۔

## جناب محمد منیر ملک

ڈائریکٹر

اس وقت آپ فوجی فرٹیلائزر کمپنی لیمیٹڈ (ایف ایف سی) اور ایف ایف سی انرجی لیمیٹڈ کے چیف فائنانشل آفیسر ہیں۔ آپ نے 1990 میں ایف ایف سی میں شمولیت اختیار کی اور 2015 میں بطور سی ایف او تقرری سے پہلے گروپ جنرل منیجر، مارکیٹنگ کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

ایف ایف سی میں اپنے کیریر کے دوران آپ فنانس اور مارکیٹنگ گروپس میں متعدد کلیدی عہدوں پر کام کر چکے ہیں اور کمپنی کی اسٹریٹجک اور مالی منصوبہ بندی میں فعالیت کے ساتھ حصہ لے چکے ہیں۔ آپ نے سابق پاک سعودی فرٹیلائزر لیمیٹڈ، جو اب ایف ایف سی پلانٹ-III ہے، کی خریداری کے لیے سنڈیکیٹڈ قرض کے انتظام میں بھی معاون کردار ادا کیا۔ آپ نے ایف ایف سی کے متنوع پورٹ فولیو کی اسٹریٹجک صف بندی میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے جس میں تھر انرجی لیمیٹڈ، جو ایک کوئلہ پر منحصر پاور پلانٹ ہے، اور فاؤنڈیشن ونڈ انرجی-I اور II شامل ہے (قابل تجدید توانائی) کے حصول کے ذریعے توانائی کے شعبے میں توسیع شامل ہے۔

ایف ایف سی میں شمولیت سے پہلے آپ نے Dowell Schlumberger (Western) S.A. میں جو بین الاقوامی آئل سروس کمپنی ہے اور اٹک سیمنٹ پاکستان لیمیٹڈ میں اعلیٰ مالیاتی عہدوں پر کام کیا ہے۔

آپ عسکری جنرل انشورنس کمپنی لیمیٹڈ، فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لیمیٹڈ، ایف ایف بی ایل پاور لیمیٹڈ، فوجی فوڈز لیمیٹڈ، فوجی میٹ لیمیٹڈ، فوجی فریش اینڈ فریز لیمیٹڈ اور تھر انرجی لیمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں بھی شامل ہیں۔

آپ انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) کے فیلو ممبر ہیں اور اپنی تربیت PWC پاکستان سے مکمل کی۔ آپ ICAP سے ایک سرٹیفائیڈ ڈائریکٹر ہیں اور آپ نے Harvard Business School, Standford University, Chicago Booth School of Business, Kellogg School of Business, Foster School of Business, Ross School of Business اور Center for Creative Leadership, USA اور IMD سوئٹزرلینڈ سے مختلف پیشہ ورانہ تربیت حاصل کی ہے۔

## جناب علی اسرار حسین آغا

ڈائریکٹر

جناب علی آغا ICI پاکستان میں جنرل مینجمنٹ، مارکیٹنگ، ہیومن ریسورسز مینجمنٹ، کارپوریٹ افیئرز، آپریشنز اور سپلائی چین مینجمنٹ کے ساتھ ساتھ جرمن کمپنی Hoechst اور دیگر قومی کمپنیوں میں 38 سال کے کثیر الصنعتی وسیع تجربہ کے حامل ہیں۔

اس وقت آپ مڈل ایسٹ - جنوبی ایشیا کے مینجنگ پارٹنر اور چیف ایگزیکٹو پاکستان برائے Ward Howell International ہیں جو کہ ایک عالمی قیادت اور انتظامیہ سے متعلق مشاورتی کمپنی ہے۔ 2014 میں Ward Howell کے ساتھ وابستگی سے پہلے آپ پاکستان کی لیڈنگ کمپنی ICI کے ساتھ کام کر رہے تھے جہاں آپ نے 25 برس تک مختلف اعلیٰ عہدوں پر کام کیا۔ آپ کو ICI پاکستان کا چیف ایگزیکٹو اور ICI Pakistan Power Gen Limited کا، جسے 2013 میں ICI پاکستان کی ملکیت کی Akzo Nobel Netherlands سے YB Group in Pakistan کو منتقلی کے دوران، چیئرمین مقرر کیا گیا تھا۔ آپ ICI پاکستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں بھی شامل رہے اور 2008 سے 2014 تک ICI کے فلیگ شپ سوڈا ایش کے کاروبار کے نائب صدر اور مینجنگ ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کیا۔ آپ نے 2004 سے 2008 تک پاکستان میں ICI گروپ کے جنرل مینیجر ہیومن ریسورس کے طور پر کام کیا اور آئی سی آئی گروپ کی پاکستان اور مشرق وسطیٰ میں ایچ آر کے معاملات کی دیکھ بھال کی تھی اور آپ ICI plc کے علاقائی اور صنعتی کاروبار کے لیے عالمی سطح پر قائدانہ ترقیاتی پروگراموں کے بھی ذمہ دار تھے۔

جناب علی آغا ICI Power Gen Ltd Pakistan PTA Ltd, Akzo Nobel Pakistan Limited, اور Pakistan Society for Training & Development کے بورڈ میں ڈائریکٹر کی حیثیت سے بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ آپ IFC اور پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) کی وزیٹنگ فیکلٹی برائے ڈائریکٹران کے تربیتی پروگرام، کے مصدقہ ڈائریکٹر اور منظور شدہ تربیت کار ہیں۔

آپ ایک آزاد ڈائریکٹر اور آڈٹ کمیٹی کے چیئرمین ہیں اور Descon Oxychem Ltd کے بورڈ کی HR & Remuneration Committee کے ممبر ہیں اور پبلک سیکٹر کمپنیوں STEDEC Technology Commercialization Corporation of Pakistan, Inland Water Transport Company of Pakistan اور Engineering Development Board کے بورڈز پر آزاد ڈائریکٹر کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں۔

آپ مینجمنٹ ڈویلپمنٹ کے شعبے میں رضا کارانہ کاموں میں بھی شامل ہیں اور Lahore Chapter of Management Association of Pakistan کے وائس چیئرمین اور Lahore Chapter of Marketing Association of Pakistan کے کونسل ممبر کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں۔

علی آغا نے Drexel University U.S.A سے MBA کی ڈگری حاصل کی ہے اور پنجاب یونیورسٹی سے کیمیکل انجینئرنگ میں BSc. (Engg.) کی ہے۔آپ نے Harvard Business School میں ایڈوانس مینجمنٹ پروگرام میں شرکت کی اور مختلف مقامی اور بین الاقوامی کانفرنسوں اور سیمناروں میں مہمان خطیب رہے ہیں۔

## جناب بشارت احمد

ڈائریکٹر

بشارت احمد بھٹی کے پاس حکومتی اور ملک کے سب سے بڑی کاروباری جماعت، یونی لیور پاکستان، جو عالمی معیار کی تیزی سے فروخت ہونے والی صارف مصنوعات جن میں تیل اور چکنائی، انسانی اور گھریلو صفائی کی مصنوعات، مشروبات، آئس کریم اور منجمد مٹھائیاں شامل ہیں، کا 40 سالہ متنوع کاروباری تجربہ ہے۔

ان کے عملی تجربات میں فیکٹری آپریشنز، صنعتی تعلقات، ڈسٹری بیوشن اور لاجسٹکس، سپلائی چین مینجمنٹ، سیلز اور سیلز آپریشنز، ادارہ جاتی کاروبار، ٹریڈ مارکیٹنگ، گاہکوں سے تعلقات، کارپوریٹ ریگولیٹری معاملات، مذاکرات، کارپوریٹ سماجی ذمہ داری، کارپوریٹ مواصلات اور حکومتی محصولات کا عقلی جواز، قواعد وضوابط اور نظام اور طریقہ کار سے متعلق وفاقی وصوبائی حکومتوں سے روابط شامل ہیں۔

آپ مختلف منصوبوں جیسا کہ خالص خوراک کے قواعد، PSQCA کے لیے صارف مصنوعات کے معیار کا تعین، APTTA پر مذاکرات، FBR وزارت تجارت، وزارت صنعت وخصوصی اقدامات کے محصولات کا عقلی جواز کے مختلف منصوبوں میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی معاونت کرتے رہے ہیں۔

جناب بشارت چھ سال تک یونی لیور پاکستان سیلز اور جنرل مینجمنٹ کی تربیت کے ذمہ دار رہے۔ ٹوٹل کوالٹی مینجمنٹ کے کارپوریٹ سہولت کار کی حیثیت میں، طریقہ کار کے عملی نفاذ، ضرورت سے زیادہ کے خاتمے، نظام اور طریقہ کار کو آسان بنانے کے ذریعہ آپ نے انتظامیہ اور نان مینجمنٹ اسٹاف کی تربیت کی جس سے کاروباری لاگت میں خاطر خواہ نتائج کے حصول کے ساتھ کمپنی کے منافع بخش ہونے میں مثبت نتائج کو موثر بنایا گیا۔

اس کے علاوہ جناب بشارت کے پاس وزیٹنگ فیکلٹی کی حیثیت سے مختلف یونیورسٹیوں کا 12 سالہ تدریسی تجربہ ہے۔ان کی تخصیصات حسب ذیل ہیں: ریٹیلنگ، سیلز مینجمنٹ، سپلائی چین مینجمنٹ، اینٹر پینیورشپ، صارفین کا برتاؤ، ٹوٹل کوالٹی مینجمنٹ، برانڈ مینجمنٹ، مارکیٹنگ، کاروباری اخلاقیات، انڈسٹریل مارکیٹنگ، سروس مارکیٹنگ، انٹیگریٹڈ مارکیٹنگ کمیونیکیشن، ایڈوانس ٹاپک مارکیٹنگ، کسٹمر ریلیشنز مینجمنٹ اور کارپوریٹ مارکیٹنگ برائے MS مینجمنٹ، EMBA اور MBA کلاسز۔ آپ نے ''کامیاب فروخت'' پر ایک کتاب بھی تحریر کی۔

جناب بشارت پاکستان ڈیری ایسوسی ایشن کے وائس چیئرمین اور ڈائریکٹر، پاکستان حلال پراڈکٹس ڈیولپمنٹ بورڈ کے ڈائریکٹر، Duke of Edinburg Award Pakistan کی ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر، Pakistan Soap Manufacturers Association کے ممبر اور Pakistan Tea Association کے ممبر رہے ہیں۔

## محترمہ آمنہ زاہد ظہیر

ڈائریکٹر

محترمہ آمنہ ظہیر کے پاس بڑی عالمی کاروباری جماعتوں (یونی لیور، ایس سی جانسن، جانس اینڈ جانسن، L'Oreal SA اور Body Shop Inc) میں کام کا 28 سالہ متنوع تجربہ ہے۔ آپ پبلک اور پرائیویٹ لیمیٹڈ کمپنیوں کے بورڈز پر بورڈ ممبر کی حیثیت سے 18 سال سے زائد کا تجربہ رکھتی ہیں۔

آپ نے پاکستانی صنعتوں کے ساتھ ساتھ عالمی پلیٹ فارم پر بھی، بشمول FMCG فرموں، فارما سیوٹیکلز، گھر کی صفائی، صحت کی نگہداشت، ذاتی نگہداشت، کاسمیٹکس اور حسن، مقطع صنعتی شعبوں کو بھی دیکھا ہے۔ ان کی مہارت کا مخصوص شعبہ سٹارٹ اپ آپریشنز، حصولیات، انضمام اور مشترکہ منصوبے رہا ہے۔ آپ نئے برانڈز کے قیام اور مقامی برانڈز کو ان کے عالمی پورٹ فولیو میں شامل کرنے میں بھی کامیاب رہی ہیں۔

محترمہ آمنہ ظہیر 1994 میں پاکستان میں یونی لیور کے آئس کریم کے کاروبار میں Walls برانڈ کے آغاز کا ایک حصہ تھیں۔ آپ نے 1996 میں یونی لیور کے ایک برانڈ لپٹن کے ساتھ بروک بانڈ چائے برانڈ کے انضمام میں حصہ لیا تھا۔ آپ مقامی آئس کریم برانڈ 'پولکا' کے حصول اور اس کے نتیجے میں 1997 میں Walls کے موجودہ کاروبار میں اس کے انضمام میں بھی شامل تھیں۔

1999 میں آپ نے پاکستان میں SC Johnson Pakistan ( Pvt) Limited کے نام سے مکمل ملکیتی ماتحت ادارے کے توسط سے Johnson Wax کے کاروبار کا آغاز کیا اور پاکستان میں موجودہ ایک مقامی کیڑے مار دوا کے برانڈ 'Finis' کو حاصل کر کے اسے SC Johnson کے پورٹ فولیو میں انضمام کے ذریعے آگے بڑھیں۔ آپ نے SC Johnson کے ذریعے Baygon برانڈ کے عالمی حصول اور SC Johnson کے مقامی پورٹ فولیو میں اس کے ہموار انضمام پر کام کیا۔ اس کے بعد آپ نے 2009 میں پاکستان میں GARNIER برانڈ کے اجراء کے ساتھ ایک مکمل ملکیتی ماتحت ادارہ L'Oreal Pakistan ( Pvt ) Limited قائم کر کے پاکستان میں L'Oreal کا کاروبار شروع کیا۔

محترمہ آمنہ ظہیر ایشیا پیسفک کے کئی جغرافیائی خطوں کا، بشمول چین، آسٹریلیا اور، حال ہی میں، سنگاپور جہاں انہوں نے The Body Shop International (Asia Pacific) Pte Ltd میں ریجنل فائنانس ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کیا، وسیع پیمانے پر متنوع ثقافتی ایکسپوژر رکھتی ہیں۔

اس عہدے پر وہ ایشیا بھر میں مجموعی طور پر چودہ فرنچائز مارکیٹوں اور تین خود ملکیتی مارکیٹوں کی دیکھ بھال کی ذمہ دار تھیں جس میں 900 خوردہ دکانیں شامل تھیں اور سالانہ کاروبار 300 ملین امریکی ڈالر سے زیادہ تھا۔

محترمہ ظہیر اپنے خاندانی امور کو سنبھالنے کے لیے 2012 میں پاکستان آ گئیں۔ اس وقت محترمہ آمنہ ظہیر کراچی میں قائم ایک کاروباری مشاورتی اور انتظامی کنسلٹنگ فرم Zahid Zaheer & Associates کی ایک ڈائریکٹر ہیں۔ آپ ORIX Leasing Pakistan Limited کے بورڈ پر ایک آزاد ڈائریکٹر بھی ہیں۔

محترمہ آمنہ ظہیر نے بزنس ایڈمنسٹریشن میں Institute of Business Administration (IBA) سے ماسٹرز ڈگری حاصل کی ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے فرانس میں INSEAD اور پاکستان میں PICG سے اور امریکہ میں Johnson Learning Institute سے لیڈرشپ، گورننس اور رسک مینجمنٹ سے متعلق مختلف پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیے ہیں۔

## جناب عمران حسین

ڈائریکٹر

بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر/ مینجنگ ڈائریکٹر سینیئر لیڈرشپ اسائنمنٹس میں چالیس سالہ تجربہ کار فرد، ٹیم ورک کے ذریعے اعلیٰ کارکردگی کا ثابت شدہ ٹریک ریکارڈ، مسلسل عزم اور متنوع مہارت کا استعمال۔

آپ کی پیشہ ورانہ خصوصیات میں شامل ہیں: اسٹریٹجک وژن، بزنس انٹیلیجنس، لیڈرشپ، ٹیم ڈویلپمنٹ، چینج مینجمنٹ اور موثر عملدرآمد۔

**پیشہ ورانہ ممبرشپ ......**

ڈائریکٹرشپ:

TPL REIT مینجمنٹ کمپنی لیمیٹڈ

Augereلیمیٹڈ (نیدرلینڈز) BV

شارپ کیمونکیشنز (پرائیویٹ) لیمیٹڈ

GSDCP(پرائیویٹ) لیمیٹڈ

Augereلیمیٹڈ (نیدرلینڈز) BV

گلوبل ایڈوائزر

**2012 تاحال ......**

انٹرنیشنل بزنس اسٹریٹیجسٹ، مشیر اور عالمی مشیر برائے Augereلیمیٹڈ جو کثیر القومی QUBEE کے برانڈ نام سے پاکستان، بنگلہ دیش اور دیگر ممالک میں وائرلیس براڈبینڈ تیار کرنے میں مصروف ہے۔

Augereلیمیٹڈ (نیدرلینڈز) BV

گلوبل ڈائریکٹر سروسز اینڈ بزنس سپورٹ

2008-12

Augere پاکستان لیمیٹڈ

چیف ایگزیکٹو آفیسر

2008-2008

Grand Leisure کارپوریشن لیمیٹڈ (PLC) بلڈرز آف پورٹ گرانڈ

چیف ایگزیکٹو آفیسر

2003-2008

Dannemann Fabrics Ltd (PLC), - Integrated Denim manufacture

مینجنگ ڈائریکٹر

1991-2001

Pangrio شوگر ملز لیمیٹڈ (PLC)

مینجنگ ڈائریکٹر

1983 - 1995

Spectrum Ltd (PLC)

مینجنگ ڈائریکٹر

1977 - 1983

Pakistan Fiat SpA, Italy

کنٹری ایڈوائزر

1974 - 1977

Union Carbide پاکستان لیمیٹڈ

اکنامک ایڈوائزر

1972 -1974

پیشہ ورانہ ایڈوائزری ......

Member Prime Minister's Task Force for Land Allocation - (2005 - 2006)

Member Task Force Board of Investment Pakistan - (2003)

Chairman Sind Development Forum Organizing Committee - (2003)

Chairman Sindh Small Industries Corporation Reorganization Task Force - (2002)

Chairman Sindhi Adabi Board, Task Force - (2002)

Member Executive Committee Pakistan Sugar Mills Association - (1987 - 1989)

# جناب جاوید قریشی

ڈائریکٹر

جناب جاوید قریشی ایک تجربہ کار، بین الاقوامی بینکر ہیں جنہوں نے سٹی بینک کے ساتھ 34 سال گزارے ہیں۔ انہوں نے کارپوریٹ بینکنگ، کنٹری مینجمنٹ، رسک اور پبلک سیکٹر کوریج میں متعدد سینئر، قائدانہ کردار ادا کیے ہیں۔ انہوں نے پاکستان، مصر، جنوبی افریقہ، جمہوریہ چیک، متحدہ عرب امارات اور سنگاپور سمیت چھ مختلف مقامات پر سٹی بینک کے لیے کام کیا جہاں انہوں نے اکتوبر 2019 میں پاکستان واپسی سے قبل نو سال گزارے۔ ان کی آخری ذمہ داری چودہ ممالک کے لیے بطور ہیڈ پبلک سیکٹر سینئر کوریج گروپ برائے ایشیا پیسفک تھی۔ جاوید نے تمام ایشیا پیسفک میں بڑے پیمانے پر سفر کیا ہے اور اس خطے کے بارے میں اچھی معلومات رکھتے ہیں۔

جاوید اس وقت سینئر کلائنٹ کوریج اور کاروبار کی ابتدا کے لیے ذمہ دار بیرونی مشیر کی حیثیت سے IFC کے لیے کام کر رہے ہیں۔ آپ پاکستان اسٹاک ایکسچینج سمیت تین دیگر کمپنیوں کے بورڈز پر بھی ہیں۔

جاوید ایک شوقین کرکٹر بھی رہے ہیں۔ انہوں نے سری لنکا اور ہندوستان کے دورے پر 79-1978 میں پاکستان انڈر 19 کی قیادت کی۔ انہوں نے پی آئی اے اور سندھ کے لیے فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلی اور 25 سال سے کم عمر کھلاڑی کے طور پر Sussex اور کمبائنڈ انگلش یونیورسٹیوں کی نمائندگی کی۔

آپ نے Sussex یونیورسٹی برطانیہ سے بی اے آنرز کیا ہے۔ آپ شادی شدہ ہیں اور آپ کے دو بچے ہیں۔

# ڈائریکٹران کی دیگر کمپنیوں میں ڈائریکٹرشپ

| نمبر شمار | نام | عہدہ | دیگر کمپنیوں میں ڈائریکٹرشپ |
|---|---|---|---|
| 01 | جناب سرفراز احمد رحمان | چیئرمین / ڈائریکٹر | عسکری بنک لیمیٹڈ<br>فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لیمیٹڈ<br>فوجی فوڈز لیمیٹڈ<br>یونی لیور پاکستان<br>فوجی فریش این فریز لیمیٹڈ<br>ایف ایف سی انرجی لیمیٹڈ<br>فاؤنڈیشن ونڈ انرجی-I لیمیٹڈ<br>فاؤنڈیشن ونڈ انرجی-II (پرائیویٹ) لیمیٹڈ<br>فوجی میٹ لیمیٹڈ<br>ایف ایف بی ایل فوڈز کمپنی لیمیٹڈ<br>ایف ایف بی ایل پاور کمپنی لیمیٹڈ<br>پاکستان ماروک فاسفور ایس اے<br>تھر انرجی لیمیٹڈ<br>حصار فاؤنڈیشن<br>پیشنٹس ایڈ فاؤنڈیشن<br>آئی پی اے کے پیکیجنگ فلمز پرائیویٹ لیمیٹڈ |
| 02 | جناب محمد حبیب اسلم | سی ای او/ ڈائریکٹر | بورڈ ممبر آف لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (LUMS) |
| 03 | جناب عارف الرحمان | ڈائریکٹر | سی ای او/ ڈائریکٹر<br>a. فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لیمیٹڈ<br>b. فوجی میٹ لیمیٹڈ<br>c. ایف ایف بی ایل پاور کمپنی لیمیٹڈ<br>ڈائریکٹر<br>a. عسکری بینک لیمیٹڈ<br>b. فوجی فوڈز لیمیٹڈ<br>c. پاکستان ماروک فاسفور ایس-اے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 04 | ڈاکٹر ندیم عنایت | ڈائریکٹر | فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ<br>ماڑی پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ<br>فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ<br>فوجی آئل ٹرمینل کمپنی<br>ڈہرکی پاور ہولڈنگ لمیٹڈ<br>فاؤنڈیشن ونڈ انرجی-II<br>فاؤنڈیشن ونڈ انرجی-I<br>فوجی اکبر پورشیا میرین ٹرمینلز<br>پاکستان موراکو فاسفورس، ایس اے، موراکو<br>عسکری بنک لمیٹڈ<br>فوجی میٹ لمیٹڈ |
| 05 | لیفٹیننٹ کرنل عبدالخالق خان (ریٹائرڈ) | ڈائریکٹر | نون شوگر ملز لمیٹڈ<br>نون انٹرنیشنل (پرائیویٹ) لمیٹڈ<br>ٹیکسٹائل ٹیکنکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| 06 | سید بختیار کاظمی | ڈائریکٹر | فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لمیٹڈ<br>فاؤنڈیشن پاور کمپنی ڈہرکی لمیٹڈ<br>فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ<br>ماڑی پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ<br>فاؤنڈیشن سولر انرجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ<br>فوجی آئل ٹرمینل اینڈ ڈسٹری بیوشن کمپنی لمیٹڈ<br>عسکری بنک لمیٹڈ<br>عسکری سیمنٹ لمیٹڈ<br>فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ<br>فوجی آئل ٹرمینل کمپنی<br>فوجی انفراویسٹ فوڈز لمیٹڈ<br>فوجی کبیروالا پاور کمپنی لمیٹڈ<br>فوجی اکبر پورشیا میرین ٹرمینلز لمیٹڈ |
| 07 | جناب بشارت احمد بھٹی | ڈائریکٹر | — |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 08 | محترمہ آمنہ زاہد ظہیر | ڈائریکٹر | ORIX لیزنگ پاکستان لیمیٹڈ |
| 09 | جناب علی اسرار حسین آغا | ڈائریکٹر | Descon Oxychem لیمیٹڈ<br>میرٹ پیکجنگ لیمیٹڈ<br>سٹائلرز انٹرنیشنل لیمیٹڈ |
| 10 | جناب محمد منیر ملک | ڈائریکٹر | عسکری جنرل انشورنس کمپنی لیمیٹڈ<br>فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لیمیٹڈ<br>ایف ایف بی ایل پاور لیمیٹڈ<br>فوجی میٹ لیمیٹڈ<br>فوجی فریش اینڈ فریز لیمیٹڈ<br>تھرانرجی لیمیٹڈ |
| 11 | جناب عمران حسین | ڈائریکٹر | نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لیمیٹڈ<br>TPL REIT مینجمنٹ کمپنی لیمیٹڈ<br>جی ایس ڈی سی پی (پرائیویٹ) لیمیٹڈ |
| 12 | جناب جاوید قریشی | ڈائریکٹر | پاور سیمنٹ لیمیٹڈ<br>پاکستان اسٹاک ایکسچینج<br>پاکستان کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کمپنی لیمیٹڈ |

منسلکہ "B"

## فوجی فوڈز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے بورڈ آف ڈائریکٹران کی قرارداد مورخہ ستمبر 04، 2021 کو 42 CCA، Ex Park View، فیز VIII، DHA ، لاہور میں مجازی طور پر منعقدہ اجلاس کی کاروائی سے اقتباس

طے پایا کہ کمپنی کا عمومی جاری شدہ اور مکمل ادا شدہ شیئر کیپیٹل کمپنی کے -/10 پاکستانی روپے (دس پاکستانی روپے) مالیت کے مزید 780,794,596 (سات سو اسی ملین، سات سو چورانوے ہزار، پانچ سو چھیانوے) عمومی حصص کے رائٹ اجراء کے ذریعے -/8,032,935,630 پاکستانی روپے (آٹھ ارب، بتیس ملین، نوسو پینتیس ہزار، چھ سو تیس پاکستانی روپے) سے بڑھا کر -/15,840,881,590 پاکستانی روپے (پندرہ ارب، آٹھ سو چالیس ملین، آٹھ سو اکیاسی ہزار، پانچ سو نوے پاکستانی روپے) کر دیا جائے، جو کمپنی کے حصص یافتگان کو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 83 اور تمام قابل اطلاق قوانین کے مطابق ہر شیئر ہولڈر کے پاس موجود حصص کی موجودہ تعداد کے تناسب سے -/PKR 10 (پاکستانی دس روپے) فی حصہ کی قیمت پر پاکستانی دس روپے فی حصہ کے ہر 100 عمومی حصص کے لیے 97.19916 رائٹ شیئرز کے تناسب سے کمپنی کے حصص یافتگان کو پیش کیے جائیں گے (یعنی 97.19916 فیصد)، جن کی قیمت یا تو کمپنی کو رائٹ شیئرز کی قیمت کی نقد ادائیگی کے عوض یا پہلے سے کمپنی کو دیے گئے قرض کی بیباقی کے لیے قرضے کی رقم کو رائٹ شیئرز کی قیمت کے طور پر ادائیگی کی صورت میں ادا کی جائے گی، یہ رائٹ شیئرز کمپنی کے موجودہ عمومی حصص سے ہر لحاظ اور درجہ میں برابر ہوں گے (''رائٹ ایشو'')۔

مزید قرار پایا کہ مقصد، فوائد، فنڈز کے استعمال کا بیان، رائٹ ایشو کی تفصیلات اور مالیاتی تخمینے (شیڈیول-1 کے طور پر منسلک) جو کمپنیز (فردر ایشو آف شیئرز) ریگولیشنز، 2020 کے ریگولیشن (iii)(1)3 کی تعمیل میں بورڈ کو پیش کیے گئے تھے، منظور کیے جاتے ہیں۔

مزید قرار پایا کہ رائٹ ایشو کے لیے پیشکش کے خط کا مسودہ (شیڈیول-2 کے طور پر منسلک) منظور کیا جاتا ہے اور جناب علی اسرار حسین آغا اور جناب بشارت احمد بھٹی، کمپنی کے ڈائریکٹران ہونے کی حیثیت سے، قابل اطلاق قوانین کی تعمیل میں پیشکش کا خط جاری/ دستخط کرنے کے لیے مجاز قرار دیے جاتے ہیں۔

مزید قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)83 کے مطابق پیشکش کے خط کے ساتھ سرکلر کا مسودہ (شیڈیول-3 کے طور پر منسلک)، جیسا کہ ڈائریکٹران کے سامنے رکھا گیا ہے، منظور کیا جاتا ہے اور کمپنی کا چیف ایگزیکٹو آفیسر، کمپنی کے تمام ڈائریکٹران کی جانب سے سرکلر پر انفرادی طور پر دستخط کرنے کا مجاز ہے۔

مزید طے پایا کہ رائٹ حصص کے تمام کسری حصے کمپنی کے سیکریٹری کے نام پر جمع کیے جائیں گے (امانت کے طور پر) اور اس سلسلے کے تمام غیر ادا شدہ لیٹر آف رائٹ پاکستان سٹاک ایکسچینج لیمیٹڈ پر فروخت کیے جائیں گے، فروخت سے حاصل شدہ خالص رقم، جب حاصل ہو جائے گی، قابل اطلاق قواعد کے تحت مستحق حصص یافتگان میں ان کے استحقاق کے مطابق تقسیم/ ادا کر دی جائے گی۔

مزید قرار پایا کہ پیشکش کا وقت گزرنے کے بعد کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 83 کے مطابق، انڈر رائٹرز کو کوئی غیر ادا شدہ حصص کی ادائیگی کے لیے طلب کرنے سے پہلے تمام غیر ادا شدہ حصص کی ایسے افراد کو، بشمول اسپانسرز، ڈائریکٹران اور کمپنی کی ایسوسی ایٹڈ انڈر رفیکنگ اور کسی بھی تیسرے فریق کو، جنہیں ڈائریکٹران مناسب خیال کریں، پیشکش اور الاٹمنٹ کی جا سکتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ رائٹ ایشو کے حوالے سے کمپنی کے حصص یافتگان کے استحقاقات کے تعین کے لیے کمپنی کا چیف ایگزیکٹو آفیسر/ یا کمپنی سیکریٹری کمپنی کی منتقلی حصص کی کتابوں کی بندش کا فیصلہ کرنے اور مطلع کرنے کے مجاز ہیں۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کا چیف ایگزیکٹو آفیسر، کمپنی سیکریٹری/ یا چیف فائنانشل آفیسر کمپنی کی جانب سے انفرادی طور پر مندرجہ ذیل افعال کرنے کے لیے مجاز ہیں:

(i) رائٹ ایشو کے لیے ماہرین، مشیران، آڈیٹران اور انڈر رائٹروں کو مقرر/ مذاکرات کریں، شرائط وضوابط کو حتمی شکل دیں اور انڈر رائٹنگ کے معاہدات پر دستخط کریں، دیگر دستاویزات اور فیس، انڈر رائٹنگ کمیشن، کمیشن کے معاملات کو طے کریں اور تیسرے فریق اور/ یا رائٹ ایشو سے متعلقہ دیگر اخراجات کا حتمی طور پر تعین کریں؛

(ii) رائٹ شیئرز کے اجراء کا شیڈیول بشمول ادائیگی کی تاریخ تیار کریں، اور اس شیڈیول میں کوئی ترمیم کریں، اس اجراء کے لیے بینکروں کو مقرر کریں، کتابوں کی بندش کی تاریخوں کا اعلان کریں اور رائٹ ایشو کے سلسلے میں تمام ضروری افعال اور اس سے متعلقہ معاملات طے کریں جو کہ سیکیوریٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لیمیٹڈ (PSX)/ سینٹرل ڈپوزیٹری کمپنی آف پاکستان لیمیٹڈ (CDC) (بشمول، لیکن اس تک محدود نہیں، CDC کے سینٹرل ڈپوزیٹری سسٹم میں رائٹ شیئرز کی پیشکش کی شمولیت) یا کسی اور بااختیار ادارے کے لیے ضروری ہوں؛

(iii) حصص کی ادائیگی سے موصول ہونے والی رقم کے لیے بینکوں میں کھاتے کھولنا، برقرار رکھنا، کام کرنا اور انہیں بند کرنا؛

(iv) رائٹ شیئرز الاٹ/ کریڈٹ کرنا اور آڈیٹران کے سرٹیفکیٹوں کے ہمراہ SECP/PSX/CDC کو مطلوبہ ریٹرن فائل کرنا؛ اور

(v) تمام ضروری اقدامات کرنا اور وہ تمام افعال، دستاویزات اور چیزیں کرنا جو مذکورہ بالا قراردادوں کو موثر کریں، بشمول بغیر کسی حد کے، رائٹ شیئرز کے اجراء کے لیے پیشکش کا خط، سرکلر اور شیڈیول یا کوئی اور دستاویزات تیار کریں اور مذکورہ دستاویزات اور شیڈیول میں کوئی ترمیم کریں اور تمام ضروری افعال کریں، تمام قابل اطلاق فیسیں ادا کریں اور وہ تمام ضروری اخراجات کریں جو اس سلسلے میں ضروری ہوں بشمول دستاویزات اور معاہدوں کی تعمیل یا کوئی اور متعلقہ یا اتفاقیہ افعال کریں جو مذکورہ بالا قراردادوں کو موثر کرنے کے لیے ضروری ہوں۔

تصدیق کی جاتی ہے کہ مذکورہ بالا فوجی فوڈز لیمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹران کے اجلاس کا درست اور حقیقی اقتباس ہے جو مورخہ ستمبر 04، 2021 کو 42 CCA، Ex Park View، فیز VIII، DHA ، لاہور میں مجازی طور پر منعقد ہوا۔

کمپنی سیکریٹری

مورخہ : 4 ستمبر 2021

منسلکہ "C"

## چیف ایگزیکیٹو آفیسر اور چیف فائنانشل آفیسر کا تصدیق نامہ

ہم یہاں تصدیق کرتے ہیں کہ کمپنیز (فردر ایشو آف شیئرز) ریگولیشنز، 2020 سے منسلک شیڈیول 3 میں رائٹ حصص کے اجراء سے متعلق تمام اہم حقائق کا مکمل اور درست اظہار کیا گیا ہے اور کمپنی مطالبے پر مالیاتی گوشواروں کی نقول فراہم کرے گی۔

برائے فوجی فوڈز لمیٹڈ

| | |
|---|---|
| محمد حسیب اسلم<br>(چیف ایگزیکٹو آفیسر) | عباد خالد<br>(چیف فائنانشل آفیسر) |

مورخہ : 4 ستمبر 2021

مسلکہ "D"

## ایشو کے لیے بینکرز کی تفصیلات

| سیریل نمبر | بینک کا نام | اکاؤنٹ ٹائٹل | اکاؤنٹ ٹائپ | اکاؤنٹ نمبر | IBAN نمبر | برانچ اور اس کا کوڈ جہاں اکاؤنٹ برقرار ہے |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عسکری بینک لیمیٹڈ | Fauji Foods Limited-Right Share Subscription | CMCDA | 9697070002609 | PK66ASCM0009697070002609 | عسکری بینک لیمیٹڈ، 4th فلور، پلاٹ نمبر BC-1، بلاک 9، KDA سکیم، کہکشاں، کلفٹن، کراچی (969) |
| 2 | البرکا بینک (پاکستان) لیمیٹڈ | Fauji Foods Limited-Right Share Subscription | Current Deposit Account | 0102444695053 | PK33AIIN0000102444695053 | دی مال، راولپنڈی (0822) |
| 3 | سونیری بینک لیمیٹڈ | Fauji Foods Limited-Right Share Subscription | Current Deposit Account | 20009144863 | PK45 SONE 0011020009144863 | اپر مال روڈ، لاہور (0110) |
| 4 | MCB بینک لیمیٹڈ | Fauji Foods Limited-Right Share Subscription | Current Deposit Account | 0077731961027049 | PK04 MUCB 0077731961027049 | GTB برانچ، 1st فلور، شاہین کمپلیکس، M.R. کیانی روڈ، کراچی (0069) |
| 5 | حبیب بینک لیمیٹڈ | Fauji Foods Limited-Right Share Subscription | CA Current Account | 00427992152503 | PK50HABB0000427992152503 | سٹیٹ لائف کراچی، سٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، 15، CI، ڈاکٹر ضیاالدین روڈ کراچی (0042) |